# SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

## PRESS RELEASE

For immediate release
June 15, 2026







## Chinese Consortium to Expand Investment in Pakistan's Capital Market Infrastructure

**ISLAMABAD, June 15:** Chinese investors have reaffirmed their long-term commitment to Pakistan's capital markets following the resolution of key regulatory matters by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP), paving the way for increased investment and deeper cooperation between the two countries. A delegation of the Chinese consortium, led by the China Financial Futures Exchange (CFFEX) and comprising the Shanghai and Shenzhen stock exchanges, met SECP Chairman Dr. Kabir Ahmed Sidhu and senior officials to discuss future collaboration and expansion plans. The meeting marked a significant step forward in Pakistan-China financial sector cooperation.

The consortium welcomed regulatory approvals that enabled it to increase its shareholding in the Central Depository Company (CDC) and the National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL). The delegation also appreciated SECP's support for the restructuring of the Pakistan Stock Exchange's (PSX) property management function, allowing the exchange to focus more effectively on its core business and strategic growth.The meeting was attended by senior representatives of the Chinese consortium, including Mr. You Hang, Chief Representative of CFFEX, Mr. Lou Fengsen, Senior Vice President of CFFEX, and Mr. Zhang Xiaofeng, Director of CFFEX. Also present were Mr. Sung Zhenwen, Managing Director of Pak China Investment Company and Director of PSX, PSX Managing Director and CEO Farrukh Sabzwari, PMEX Non-Executive Director Nadeem Naqvi, SECP Commissioner Muhammad Ali Farid Khawaja, Executive Director Imran Inayat Butt, and Director Muhammad Shamoun.

Mr. You Hang expressed confidence in Pakistan's economic prospects and said the consortium intends to play a larger role in the development of the country's capital markets. He highlighted plans to launch cross-border Exchange Traded Funds (ETFs), facilitate greater investment flows between Pakistan and China, and strengthen market linkages through a Joint Task Force already established for this purpose. The delegation also announced plans to introduce advanced trading and settlement technologies, enhance market surveillance, support new financial products, improve liquidity, and contribute to investor education and capacity-building initiatives.

Chairman SECP Dr. Kabir Ahmed Sidhu welcomed the consortium's expansion plans and reaffirmed the Commission's commitment to reforms that enhance market efficiency, attract investment, and promote innovation. He noted that stronger international partnerships and technological advancement would contribute significantly to the continued development of Pakistan's capital markets. The meeting concluded with both sides reaffirming their commitment to expanding investment cooperation and strengthening Pakistan's position as an emerging regional capital market.

## SECURITIES AND EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN (SECP)

# PRESS RELEASE

For immediate release

June 15, 2026







# چینی کنسورشیم پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ انفراسٹرکچر میں سرمایہ کاری میں اضافہ کرے گا

اسلام آباد، 15 جون: پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے چینی اسٹریٹجک شیئر ہولڈرز نے پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹس میں اپنی طویل المدتی سرمایہ کاری کو مزید وسعت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔اس سلسلے میں کنسورشیم سنٹرل ڈپازٹری کمپنی اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں اپنی شیئر ہولڈنگ بڑھانے کے لیے اضافی سرمایہ کاری کرے گا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اس حوالے سے درکار اہم ریگولیٹری منظوریوں کا اجراء کرتے ہوئے حائل رکاوٹوں کو دور کر دیا ہے، جس سے پاکستان اور چین کے درمیان مالیاتی تعاون کے ایک نئے مرحلے کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ یہ بات چائنا فنانشل فیوچرز ایکسچینج، شنگھائی اسٹاک ایکسچینج اور شین ژین اسٹاک ایکسچینج پر مشتمل چینی کنسورشیم کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو سے ملاقات کے دوران کہی۔اجلاس میں پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ کی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور اسٹاک ایکسچینج میں نئی مالیاتی مصنوعات متعارف کرانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

چینی وفد نے طویل عرصے سے زیر التوا ریگولیٹری معاملات کے حل اور ضروری منظوریوں کے اجراء پر چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو کا شکریہ ادا کیا۔ایس ای سی پی کی منظوریوں کے نتیجے میں چینی کنسورشیم اب سنٹرل ڈپازٹری کمپنی اور نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں اپنی شیئر ہولڈنگ میں اضافہ کر سکے گا۔ وفد نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے پراپرٹی مینجمنٹ فنکشن کو علیحدہ کمپنی میں منتقل کرنے کی منظوری کا بھی خیر مقدم کیا۔ نئی کمپنی اسٹاک ایکسچینج کی جائیدادوں کا انتظام ریئل اسٹیٹ انویسٹمنٹ ٹرسٹ ماڈل کے تحت کرے گی، جبکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج اپنی بنیادی کاروباری سرگرمیوں، مارکیٹ ڈویلپمنٹ، نئی مالیاتی مصنوعات کے اجراء اور اسٹریٹجک ترقی پر مزید توجہ مرکوز کر سکے گی۔

چینی کنسورشیم کے وفد کی قیادت چائنا فنانشل فیوچرز ایکسچینج کے چیف ریپریزنٹیٹو مسٹر یو ہانگ کر رہے تھے، جبکہ وفد میں چائنا فنانشل کے سینئر وائس پریذیڈنٹ مسٹر لو فینگ سن اور ڈائریکٹر مسٹر ژانگ شیاؤ فینگ بھی شامل تھے۔ اجلاس میں پاک چائنا انویسٹمنٹ کمپنی کے مینجنگ ڈائریکٹر اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے ڈائریکٹر مسٹر سنگ ژین وین، مینجنگ ڈائریکٹر و سی ای او پی ایس ایکس مسٹر فرخ سبزواری، پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج کے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر مسٹر ندیم نقوی، ایس ای سی پی کے کمشنر مسٹر محمد علی فرید خواجہ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر مسٹر عمران عنایت بٹ اور ڈائریکٹر مسٹر محمد شمعون بھی شریک تھے۔ مسٹر یو ہانگ نے پاکستان کی معاشی ترقی اور کیپیٹل مارکیٹس کے روشن مستقبل پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چینی کنسورشیم پاکستان کی کیپیٹل مارکیٹ کی ترقی میں مزید فعال کردار ادا کرنا چاہتا ہے۔ اجلاس میں پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں کراس بارڈر ایکسچینج ٹریڈڈ فنڈز کے جلد اجراء اور دونوں ممالک کے سرمایہ کاروں کو ایک دوسرے کی مارکیٹوں تک رسائی فراہم کرنے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس مقصد کے لیے دونوں ممالک کی ایکسچینجز کے نمائندوں پر مشتمل ایک مشترکہ ٹاسک فورس پہلے ہی قائم کی جا چکی ہے۔

وفد نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں جدید ٹریڈنگ اور سیٹلمنٹ ٹیکنالوجیز متعارف کرانے، مارکیٹ نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے، نئی مالیاتی مصنوعات کے اجراء، مارکیٹ لیکویڈیٹی میں بہتری اور سرمایہ کاروں کی آگاہی اور استعدادِ کار بڑھانے کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے چینی کنسورشیم کے سرمایہ کاری میں توسیع کے منصوبوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ایس ای سی پی مارکیٹ کی ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور نئی مالیاتی مصنوعات کے اجراء کے لیے مکمل تعاون فراہم کرے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad